02/03/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

NHM

قومی صحت مشن جمونو کشمیر کی طرف سے ہاسپٹل منیجمنٹ انفارمیشن سسٹم پر جنوری2025 کے مہینے کےلئے صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی پر اسپتالوں کی رینکنگ جا ری کی گئی ہے۔ نئے گورنمنٹ میڈیکل کالجوں کے زمرے میں پہلا مقام جی ایم سی کٹھوعہ، دوسرا جی ایم سی راجوری اور تیسرامقام گورنمنٹ میڈیکل کالج ادھمپور کو دیا گیا ہے۔

ضلع اسپتالوں کے زمرے میں پہلی پوزیشن ڈسڑکٹ اسپتال شوپیان جبکہ دوسری پوزیشن ضلع اسپتال بڈگام کو ملی ہے۔

کمیونٹی ہیلتھ سینٹروں کے زمرے میں پہلی پوزیشن سی ایچ سی مینڈھر اور دوسری پوزیشن سی ایچ سی ٹھاٹھری کوملی ہے۔

یہ درجہ بندی اندراج، میڈیکل ریکارڈ کو الیکٹرانک شکل دینے، داخل مریضوں کی رجسٹریشن اور مریضوں کے فیڈبیک کی بنیاد پر کی جا تی ہے۔

جا وید رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے پونچھ راجوری کا عوامی رابطہ کا ری کا اپنا دورہ مکمل کیا ہے۔ اپنے دورے کے آخری مرحلے میں انہوں نے بالا کوٹ میں عوامی مسائل کی سماعت کے ایک پروگرام کی صدارت کی۔ عوامی دربار میں متعدد وفود نے وزیر کی نوٹس میں مختلف مسائل لائے۔

وزیر موصوف نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اُن کی جائز مانگوں اور مسائل کو جلد حل کیا جائے گا۔ انہوننے کہا کہ سرکار عوام کی ترقیاتی ضروریات کی نسبت واقف ہے اور اس محاذ پر سرگرمی کے ساتھ کام جا ری ہے۔

کانگریس

کانگریس کا کہنا ہے کہ وہ اسمبلی کے اجلاس میں بے رزگاری کے مسئلے سے نمٹنے ، سماجی، اقتصادی اور ترقیاتی معاملات سے جڑے تمام وعدوں کو پورا کرنے پر زور دے گی۔ ان باتوں کا اظہار پردیش کے کانگریس کے سینئر لیڈر غلام احمد میر نے کیا۔

انہوننے کہا کہ کانگریس چناؤ کے دوران عوام کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے پر زور دے گی، جن میں بجلی فیس کی شرحوں میں بیجا اضافے کا مسئلہ بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس عوامی مفاد کےلئے جد و جہد کرنے کی خاطر کار بند ہے۔

ماہ رمضان

ماہ رمضان کے بابرکت مہینے کا آغاز ہو گیا ہے اور آج ماہ صیام کا پہلا روزہ ہے۔ مقدس مہینے کی آمد کے ساتھ ہی مساجد اور خانقاہوں میں خصوصی عبادات کا اہتمام کیا جا رہا ہے جس دوران فرزندان توحید تراوی اور تسبیحات کا ورد کر کے اللہ کے حضور اپنے لئے مغفرت کے طلب کر تے ہیں۔

پلوامہDC

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم کی صدارت میں ڈسڑکٹ سِکل کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس دوران ضلعے میں سِکل ڈیولپمنٹ پلان پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ کے دوران ضلعے میں در دست لئے گئے سِکل ڈیولپمنٹ کے اقدامات کے پیش رفت کے علاوہ روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کی خاطر آنٹر پرنیورشپ کے تحت تربیتی پروگراموں کی اہمیت اُجاگر کی گئی۔

کپوارہDC

ڈپٹی کمشنر کپوارہ آیوشی سودن نے ضلعے میں کئی بجلی رسیونگ سٹیشنوں کا دورہ کر کے بجلی سپلائی کی بحالی کے کام کاج کا جائز ہ لیا۔ انہوں نے رسیونگ سٹیشن ہیری ترہگام ، کرالہ پورہ اور وِلگام کا کاص طور پر دورہ کر کے وہاں کے ملازمین اور فیلڈ عملے سے بجلی سپلائی کی نسبت سے استفسار کیا۔

ڈپٹی کمشنر نے عوام کےلئے شیڈول کے مطابق برقی رو کی سپلائی یقینی بنانے پر زور دیا۔

انتت ناگDC

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں کام کرنے والے بینکوں کی دسمبر کے گوشوارے کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقعے پر ضلعے میں بینکنگ سیکٹر کے کام کاج کا ایک تفصیلی خاکہ پیش کیا گیا۔

اسی دوران منی سیکریٹریٹ شوپیان میں ضلعے کے ایڈیشنل ڈسڑکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر ڈاکٹر نصیر احمد لون کی صدارت میں یووا مشن یووا کے اہداف کو حاصل کرنے کےلئے زمینی سط□ کے ورکر ہیں۔ Doots کےلئے تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ واض□ رہے Doots کہ یووا

کولگامDC

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ضلعے کے تفصیلی دورے کے دوران کولگام میں ترقیاتی پروجیکٹوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے خاص طور پر چوگام مائیگرنٹ کالونی کی تعمیر، دیوسر میں پرائمری ہیلتھ سینٹر کی عمارت اور کچھ دیگر اہم پروجیکٹوں کا موقعے پر جا کر معائنہ کیا۔

ڈپٹی کمشنر موصوف نے متعلقہ افسروں اور عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ تعمیراتی پروجیکٹوں پر کام کی رفتار بڑھائیں ، تاکہ انکی بروقت تکمیل یقینی بنائی جاسکے۔

اسی دوران اطہر عامر خان نے ایک علیحدہ میٹنگ میں ضلعے میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

بانڈ ی پورہ

ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے شیخ محلہ حاجن کے اُن کنبوں کی مدد کےلئے ضروری انتظامات کئے ہیں جن کے مکانوں کو سڑک دھنس جانے کے نتیجے میں نقصان پہنچا ہے۔ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے کہا ہے کہ متاثرہ کنبوں کو گورنمنٹ گرلز سکول حاجن منتقل کیا گیا ہے جہاں انکی ضروریات کا خیال رکھا جا رہا ہے۔

اسی دوران بانڈی پورہ پولیس کی جانب سے مختلف پبلک مقامات اور کئی تعلیمی اداروں میں فوجداری کے نئے قوانین سے متعلق جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ ان پروگراموں کے دوران بھارتیہ نیائے سنہتا، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینم قوانین کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ